© rasailojaraid.com



اس ماہ ہمارے ایک محترم بزرگ مولانا الحاج سید شیر محمد شاہ سندھی، جن کا ولی اللہی علوم سے بھی قریبی تعلق تھا ۸۵ برس کی عمر میں مدینہ منورہ میں انتقال فرما گئے۔ مرحوم علم فقہ تجوید اور تصوف کے بڑے عالم تھے، اور طریقت میں مولانا شاہ اشرف علی تھانوی کے ارشد خلفاء میں سے تھے، لیکن آپ پر اور آپ کے بڑے بھائی مولانا الحاج سید فخرالدین شاہ پروادی تھہران کے مشہور صاحب طریقت بزرگ اور ولی اللہی تحریک کے عظیم داعی مولانا تاج محمود امروٹی کی تربیت کا بڑا اثر تھا۔ مولانا امروٹیؒ کے ارشاد سے دونوں بھائیوں نے مل کر مقام گھوٹکی میں ایک دینی مدرسہ قائم کیا تھا، جس کا فیض آج تک جاری و ساری ہے۔ مرحوم نے تقریباً سترہ سال سے اپنے وطن کو خیر باد کہہ کر مدینہ منورہ میں سکونت اختیار کی تھی، راقم الحروف نے دو سال قبل مدینہ منورہ میں آپ کی زیارت کی تھی اور آپ کی مجلس مرجع علماء و فضلا رہتی تھی، پیرانہ سالی کے ہوتے ہوئے بھی اپنا کام خود کرتے تھے۔ ہم شاہ صاحب کے اہل خاندان سے دلی تعزیت کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دست بدعا ہیں کہ وہ انہیں صبر جمیل عطا فرمائے اور مرحوم کو اپنی رحمت شاملہ سے نوازے

© rasailojaraid.com